اردو
URDU

STUDENTLINK

طلباء کی خدمات، آسان کردہ

اکثر پوچھے گئے سوالات



NYU | StudentLink Center

ہمیں آن لائن ملاحظہ کریں

nyu.edu/studentlink

مقامات

منہیٹن

383 لافایٹ اسٹریٹ، فرسٹ فلور
نیو یارک، این وائی 10003

بروکلن

5میٹروٹیک سینٹر، سوئٹ 201
بروکلن، این وائی 11201

کام کے اوقات

تازہ ترین اوقات کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں

nyu.edu/studentlink

گلوبل سروسز اور گلوبل پروگرامز کے لیے مشاورتی اوقات ہماری ویب سائٹ پر بھی دیکھے جاسکتے ہیں۔

کاؤنسلر سے فون پر بات کرنے کے تین طریقے

ٹیکسٹ کے ذریعہ
آن لائن
شخصی طور پر

ہدایات کے لیے nyu.edu/studentlink پر جائیں

اسٹوڈنٹ لنک کا عملہ ہسپانوی، چینی (منڈارین اور کینٹونیز) ہندی، پرتگالی، کوریائی، فرانسیسی اور جرمن زبانوں میں بخوشی طلباء کی مدد کرے گا۔

جڑے رہیں

@NYUStudentLink

NYU میں طالب علم کی زندگی

سینٹر فار ملٹی کلچرل ایجوکیشن اینڈ پروگرامز
nyu.edu/cmep
212.998.4343

سینٹر فار اسٹوڈنٹ لائف
nyu.edu/student-life
212.998.4411

کھانے کی خدمات
nyu.edu/dining
212.998.4988

گلوبل اسپریچوئل لائف
nyu.edu/spiritual-life
212.998.4959

LGBTQ اسٹوڈنٹ سینٹر
nyu.edu/lgbtq
212.998.4424

موسیس سینٹر برائے معذور طلباء
nyu.edu/csd
212.998.4980

رہائشی زندگی اور ہاؤسنگ کی خدمات
nyu.edu/living
212.998.4600

اسٹوڈنٹ ہیلتھ سینٹر
nyu.edu/shc
212.443.1000

وازرمین سینٹر فار کیریر ڈیولپمنٹ
nyu.edu/careerdevelopment
212.998.4730

SLC میں بھی

ہم NYU کمیونٹی کے ممبران کو مختلف شخصی خدمات پیش کرتے ہیں۔

- پاسپورٹ فوٹو سروس، 2 یو ایس اسٹائل پاسپورٹ فوٹو 10 ڈالر میں ادائیگی سے متعلق ہدایات کے لیے براہ کرم nyu.edu/studentlink پر جائیں۔
- نوٹری پبلک کی خدمات ؛ اور
- البرٹ میں نجی معلومات کی تازہ کاری

میرے ریکارڈ میں درج معلومات تک کون رسائی حاصل کرسکتا ہے؟

طلباء کسی تیسرے فریق کو اپنے ریکارڈ پر بات چیت کرنے اور ان کی طرف سے دستاویزات لینے کی اجازت دے سکتے ہیں۔ طلباء کے لیے مخصوص ہدایات اور فرد (افراد) کے نام (ناموں) کے ساتھ FERPA استثناء کے لیے درخواست جمع کرنا ضروری ہے۔ FERPA فارم آن لائن اور SLC میں دستیاب ہے۔

eSuite کے ذریعہ اپنے بل تک رسائی حاصل کرنے کے لیے طلباء مجاز صارفین کو بھی جوڑ سکتے ہیں۔ ایک بار اکاؤنٹ میں بطور صارف اختیار مل جانے کے بعد، وہ ادائیگیاں کرنے، بلنگ اسٹیٹمنٹس کی جانچ کرنے اور ٹیکس دستاویز تک رسائی کے لیے لاگ ان کرسکیں گے۔

میں بطور ایک طالب علم اپنے ریکارڈ سے متعلق دستاویزات تک رسائی کیسے حاصل کرسکتا ہوں؟

بعض ریکارڈز SLC میں دستیاب ہیں۔ طلباء اور سابق طلباء اپنی تعلیمی اسناد، داخلے کا ثبوت، ڈگری سرٹیفیکیشن لیٹرز، بلنگ اسٹیٹمنٹس اور مالی امداد دیے جانے کے خطوط کی دفتری نقول حاصل کرسکتے ہیں۔ SLC سےامیگریشن دستاویز اور ڈپلومہ بھی لیے جاسکتے ہیں۔ طلباء کو ایک ای میل موصول ہوگا جو یہ بتائے گا کہ یہ دستاویز لے جانے کے لیے کب دستیاب ہیں اور انھیں کس مقام سے لیا جاسکتا ہے۔

میں OGS مشیر سے کیسے ملاقات کرسکتا ہوں؟

آفس آف گلوبل سروسز کے صلاح کاران طلباء سے ملاقات کرنے اور ان کی امیگریشن کی حیثیت پر بات کرنے کے لیے اپنے طے شدہ مشاورتی اوقات کے دوران دستیاب رہتے ہیں۔ OGS کی صلاح کاری کے اوقات کے بارے میں مزید معلومات ہماری ویب سائٹ سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔

ہمیں آن لائن ملاحظہ کریں!

nyu.edu/studentlink

رجسٹریشن کے لیے تیاری

میں کلاسوں کے لیے رجسٹریشن کیسے کروں؟

طلباء کو نصاب کا کیٹلاگ دیکھنے اور اپنی کلاس میں رجسٹریشن کرانے کے لیے اپنے البرٹ اسٹوڈنٹ سینٹر میں لاگ ان کرنا ہوگا۔ رجسٹریشن سے پہلے طلباء کو رجسٹریشن کی ایک مخصوص تاریخ تفویض کی جاتی ہے اور عموما انہیں ایک تعلیمی صلاح کار سے بات کرنی ہوتی ہے۔

اگر مجھے اپنے شیڈول میں تبدیلی کرنی ہو تو کیا کروں؟

ہر سمیسٹر کی شروعات میں چھوڑنے/ شامل ہونے کی مدت ہوتی جس میں طلباء اپنے داخلے میں تبدیلی کرسکتے ہیں۔ داخلے میں تبدیلی کرنے سے طلباء کی مالی امداد کی اہلیت، طالب علم کے بل پر نظر آنے والے چارجز، اور یہاں تک کہ طالب علم کے ویزا اسٹیٹس پر بھی فرق پڑسکتا ہے۔ چھوڑنے/ شامل ہونے کی مدت پوری ہوجانے کے بعد طلباء کو چھوڑے جانے والے سبھی کورسز کے لیے گریڈیڈ "W" ملے گا۔ اپنے داخلے میں کسی طرح کی تبدیلیوں کے بارے میں بات کرنے کے لیے طلباء کو چاہئے کہ وہ اپنے تعلیمی صلاح کار سے رجوع کریں۔ کُل وقت سے کم کے لیے رجسٹریشن کروانے کے متمنی بین الاقوامی طلباء کو OGS سے رابطہ کرنا چاہئے۔ ہر ایک سیمیسٹر کے چھوڑنے/ شامل ہونے کی مدت سے متعلق تمام آخری تاریخوں کے بارے میں جاننے کے لیے براہ کرم NYU کے تعلیمی کلینڈر کا جائزہ لیں۔

اپنے بل کو سمجھنا

میرا بل کہاں ہے؟

طلباء البرٹ میں لاگ ان کرسکتے ہیں اور اپنے eSuite پورٹل کے ذریعہ اپنا بل دیکھ سکتے ہیں۔ بلز ہر ایک تعلیمی میعاد میں جاری کیے جاتے ہیں اور طالب علم کے اکاؤنٹ میں دکھائی دینے والے چارجز میں ٹیوشن اور فیس، بیمہ، ہاؤسنگ وغیرہ شامل ہوسکتے ہیں۔

میں اپنے بل کی ادائیگی کیسے کروں؟

طلباء کسی بھی SLC مرکز میں جاکر خود ادائیگی (نقد، چیک منی آرڈر) کرسکتے ہیں۔ الیکٹرانک چیک ادائیگیاں eSuite کے ذریعہ جمع کی جاسکتی ہیں۔ NYU کی ادائیگی پلان کا ایک انتخاب آن لائن دستیاب ہے، جیسے کہ ڈیفرڈ پیمنٹ پلان، اور ٹیوشن پے پلان جنھیں ہائرون (HigherOne) کے ذریعہ انجام دیا جاتا ہے؛ ادائیگی کے ان منصوبوں کی تفصیلات اور اندراج کے طریقے کے لیے براہ کرم nyu.edu/bursar پر جائیں۔ بین الاقوامی طلباء وائر ٹرانسفر کے لیے فلائی وائر یا WUBS سے استفادہ کرسکتے ہیں۔ تھرڈ پارٹی اسپانسر والے طلباء اس ادارے کی طرف سے ایک فائنینشل گارنٹی یا آتھرائزیشن فارم SLC میں خزانچی کے دفتر میں جمع کرواسکتے ہیں۔

اسٹوڈنٹ لنک سینٹر (SLC) میں آپ کا استقبال ہے

SLC طلباء کی انتظامی خدمات تک رسائی کے لیے NYU کا ذریعہ ہے ہم ، خزانچی، مالی امداد ،رجسٹرار، گلوبل پروگرامز اور گلوبل سروسز کے دفاتر سے متعلق مسائل کی نگرانی کرتے ہیں۔ ہمارے پیشہ ور اسٹاف ممبران کو جامع تربیت دی گئی ہے تاکہ وہ مختلف موضوعات پر بات کر سکیں اور متعدد سوالوں کے جواب ایک ایک کرکے شخصی طور پر دے سکیں۔

مالی امداد کا حصول

میں مالی امداد کے لیے درخواست کیسے دوں؟

مالی امداد کی درخواست کا عمل مقرّرہ اختتامی تاریخوں کے اندر سبھی مطلوبہ درخواستوں (جیسے FAFSA/CSS پروفائل) کو مکمل کرنے کے ساتھ شروع ہوتا ہے۔ سبھی آنے والے انڈرگریجویٹس کے لیے CSS پروفائل داخل کرنا ضروری ہے تاکہ NYU اسکالرشپ کے لیے اس پر غور کیا جا سکے۔ سرکاری امداد حاصل کرنے کے لیے امریکی شہریوں اور اہلیت رکھنے والے غیر امریکی شہریوں کے لیے ہر سال ایک FAFSA مکمل کرنا ضروری ہے۔

آپ نے داخلوں کے کس راؤنڈ کے لیے درخواست دی ہے اس کے حساب سے مقرّرہ آخری تاریخیں مختلف ہوتی ہیں۔ ترجیحی مقرّرہ آخری تاریخوں کو چھوڑنے کے نتیجے میں پورے چار سالوں کی اہلیت ضائع ہوسکتی ہے۔ مزید تفصیلات کے لیے براہ مہربانی nyu.edu/studentlink پر جائیں۔

مطلوبہ مالی امداد کی درخواستوں اور آخری تاریخوں کے بارے میں جاننے کے لیے گریجویٹ طلباء کو اپنے ڈپارٹمنٹ اور اپنے اسکول سے رابطہ کرنا چاہیے۔

کیا میں مالی امداد کے لیے اہل ہوں؟

کچھ مخصوص عوامل کی بنیاد پر طلباء مالی امداد کے مستحق ہوسکتے ہیں، جیسے کہ مالی ضرورت، درخواست کی آخری تاریخوں کی تکمیل، طالب علم کا تعلیمی داخلہ اور امیگریشن کی حیثیت، طلباء یونیورسٹی سے باہر کے اداروں سے بھی غیرNSU امداد حاصل کرسکتے ہیں۔

شرکت کی لاگت (COA) کیا ہے؟

سبھی طلباء کو شرکت کی لاگت کا ایک تخمینہ دیا جائے گا جس میں اس مالی امداد کی کل حد دی ہوئی ہوگی جو وہ ہر تعلیمی سال میں حاصل کرسکتے ہیں۔ COA بل کردہ اصل چارجز جیسا نہیں ہے۔